سوال

(748) ظہر یا عصر کی باجماعت نماز میں شامل ہونے والا صرف سورۃ فاتحہ ہی پڑھے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی ظہر یا عصر کی نماز میں شامل ہوتا ہے اور وہ صرف سورت فاتحہ ہی پڑھتا ہے جب کہ امام رکوع میں چلا جاتا ہے۔ تو کیا اس کی نماز ہو جائے گی؟ حالانکہ اس نے فاتحہ کے بعد کوئی دوسری سورت نہیں پڑھی۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس شخص کی نماز ہوجائے گی۔ فاتحہ کے ساتھ دوسری سورت کا ملانا ضروری نہیں۔ حدیث میں ہے کہ فاتحہ سب سورتوں سے کافی ہوجاتی ہے، لیکن ''فاتحہ'' سے کوئی سورت کافی نہیں ہوتی۔ (ملاحظہ ہو! المرعاۃ وغیرہ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :641

محدث فتویٰ